بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون نمبر ۴۹ — رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۴

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ — عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ الفضل ربوہ

ایڈیٹر روشن دین تنویر

یوم جمعہ

The Daily
ALFAZL
RABWAH

قیمت فی پرچہ ۱۲ پیسے

جلد ۵۳/۱۸	۲۵ فتح ۱۳۴۳ ہش ۲۰ شعبان ۱۳۸۴ھ ۲۵ دسمبر ۱۹۶۴ء	نمبر ۳۰۰

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کے متعلق اطلاع

— محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب —

ربوہ ۲۴ دسمبر بوقت ۹ بجے صبح

کل اللہ تعالیٰ کے فضل سے حضور کی طبیعت نسبتاً بہتر رہی اس وقت بھی طبیعت ٹھیک ہے۔

احباب جماعت حضور کی صحت کاملہ و عاجلہ کیلئے دعائیں جاری رکھیں

ارشادات عالیہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

اپنے گھروں، وطنوں اور املاک کو چھوڑ کر میری ہمسائیگی اختیار کرنا اصحاب الصفّہ کا مصداق بننا ہے

خوش قسمت ہیں وہ جن کو یہ نعمت غیر مترقبہ نصیب ہو اور وہ یہاں آکر رہیں۔

"پوری ستعدی و ہمت سے استقلال دکھلا دیں۔ یہ آثار پژمردگی ہمیں برمحل معلوم نہیں ہوتے۔ یہاں کا (یعنی مرکز سلسلہ میں) رہنا تو ایک قسم کا "آستانہ ایزدی" پر رہنا ہے۔ اس حوض کوثر سے وہ آب حیات ملتا ہے کہ جس کے پینے سے حیات جاودانی نصیب ہوتی ہے جس پر ابدالآباد تک موت ہرگز نہیں آسکتی۔ اچھی طرح کمربستہ ہوکر پورے استقلال سے اس صراط مستقیم کے راہ رو بنیں اور ہر قسم کی دنیاوی ردکاوٹیں اور نفسانی خواہشوں کی ذرا پرواہ نہ کرکے اللہ تعالیٰ کے صادق مامور کی پوری معیت کریں تاکہ حکم "کونوا مع الصادقین" کی فرمانبرداری کا سنہری تمغہ آپ کو حاصل ہو۔ . . . . مامور من اللہ کی صحبت نہایت ضروری بلکہ مغتنمات سے ہے۔ خوش قسمت وہ جن کو یہ نعمت غیر مترقبہ نصیب ہو۔ جو شخص سب کچھ چھوڑ کر اس جگہ آکر آباد نہیں ہوتا یا کم از کم ایسی تمنا دل میں نہیں رکھتا اس کی حالت کی نسبت مجھے بڑا اندیشہ ہے کہ مبادا وہ پاک کرنے والے تعلقات میں ناقص نہ رہے۔ اپنے گھروں، وطنوں اور املاک کو چھوڑ کر میری ہمسائیگی کے لئے قادیان میں بودوباش کرنا "اصحاب الصفہ" کا مصداق بننا ہے۔

اور یہ تو ایک ابتدائی مرحلوں میں سے ہے ورنہ مردانِ خدا کو تو اگر اس سے بھی صدہا درجہ بڑھ کر دشواریوں و مصیبتوں کا سامنا ہو۔ تاہم وہ ان کی کچھ پرواہ نہیں کرتے بلکہ وفور جذبۂ عشق محبوب حقیقی سے آگے ہی قدم مارتے ہیں اور اپنا تمام دھن، من، تن، اسی راہ میں صرف کر دینے کو عین اپنی سعادت و خوش قسمتی سمجھتے ہیں اور یہی ان کا مقصود بالذات ہوتا ہے کہ دنیوی علائق کے جالوں کو توڑ کر اور اس کے پھندوں سے مخلصی پاکر اس جمیع محامد کی جامع ذات ستودہ صفات کے آستانۂ سراپا برکت خیز پر پہنچنے کا شرف حاصل کریں"۔

(الحکم ۳۰ نومبر و ۱۰ دسمبر ۱۹۰۲ء)

اخبار احمدیہ

— ۰ صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر دعوۃ و تبلیغ صدر انجمن احمدیہ قادیان اپنے تار مرسلہ ۲۱ دسمبر میں مطلع فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جماعت احمدیہ قادیان کا امسال جلسہ سالانہ مورخہ ۲۰ دسمبر کو نہایت کامیابی اور خیر و خوبی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ الحمد للہ۔ جلسہ اسلام اور سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی کاملہ و عاجلہ اور دنیا بھر کے احمدیوں کی خوشحالی و ترقی کے لئے دعائیں کی گئیں۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔

نوٹ:۔ پاکستان سے قادیان جانے والا قافلہ مورخہ ۱۷ دسمبر کی رات کو ہی قادیان پہنچ گیا تھا۔ اور اسے رات کو امرتسر میں رکنا نہیں پڑا۔ ۲۲ دسمبر کے الفضل میں غلط فہمی کی بناء پر یہ لکھا گیا تھا کہ قافلہ جہاں ۱۸ دسمبر کو صبح ۸ بجے پہنچا۔ جو درست نہیں۔ احباب تصحیح فرمالیں (ادارہ)

— ۰ امسال جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں تحریکات جدید کی طرف سے دفاتر تحریک جدید کے کمیٹی روم میں تحریک جدید کی تبلیغی تعلیمی و تعمیری مساعی کی نمائش کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ یہ نمائش ۲۵ دسمبر کی صبح سے شروع ہو کر ۳۰ دسمبر کی شام تک رہے گی۔ جملہ احباب سے اس نمائش سے استفادہ کرنے کی درخواست ہے۔ نمائش کا وقت روزانہ ۶ بجے شام سے ۱۰ بجے رات تک ہوگا۔ (وکیل اعلیٰ تحریک جدید ربوہ)

— ۰ الفضل کا ۲۶ دسمبر کا پرچہ "جلسہ سالانہ نمبر ہوگا" اس کے بعد جلسہ سالانہ کی مصروفیات کی وجہ سے پرچہ شائع نہ ہوسکے گا۔ جلسہ کے بعد انشاء اللہ تعالیٰ ۳۱ دسمبر کو پرچہ شائع ہوگا۔

جلسہ سالانہ کے ایام میں دفتر الفضل عارضی طور پر جلسہ گاہ کے قریب منتقل کیا جا رہا ہے۔ جملہ خریدار صاحبان ۲۶، ۲۷، ۲۸ دسمبر کو وہاں تشریف لائیں نیز اپنا چٹ نمبر ضرور نوٹ کرکے ہمراہ لائیں۔ (مینیجر الفضل ربوہ)

مسعود احمد پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں چھپوا کر دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ سے شائع کیا۔

روزنامہ الفضل ربوہ
مورخہ ۲۵ دسمبر ۶۴ء

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

قادیان ہمارے لئے نہایت مقدس مقام ہے اس میں کوئی شک نہیں حقیقت یہ ہے کہ یہ بستی ہمارا روحانی وطن ہے وہ ہمیں اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز ہے۔ اس کی خاک کا ذرہ ذرہ ہمارے لئے علم و عرفان کی خوشبوؤں سے لدا ہوا ہے یہ وہ سرزمین ہے جس میں سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے آنکھ کھولی۔ اپنا مقدس بچپن گزارا۔ جوانی بتائی اور آخر عمر تک یہاں رہے اور اسی خاک میں دفن ہوئے۔ بے شک قادیان کی فضا سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی حیات افروز سانسوں سے معطر ہے۔ ہماری روحوں کے مشام اس کو سونگتے ہیں۔ الغرض قادیان کے کوچے گلیاں۔ میدان۔ اردگرد کے کشت زار ہمارے لئے کشش رکھتے ہیں۔ مسجدِ اقصےٰ اور مسجد مبارک ہمارے لئے کوئی کم قیمت نہیں رکھتیں۔ منارۃ المسیح دور سے ہم کو بلاتا ہے۔ بہشتی مقبرہ ہمیں کھینچتا ہے۔

اور یہ کس قدر اللہ تعالےٰ کا فضل ہے کہ باوجود اس کے کہ تقسیم ملک کے موقع پر ہم میں سے اکثر کو قادیان مجبوراً چھوڑنا پڑا۔ ہمیں ہجرت کرنی پڑی لیکن اس کے باوجود کوئی دن ایسا نہیں آیا کہ مسجدِ اقصےٰ سے بلالی آذان پانچ وقت بلند نہ ہو۔ کیا یہ عظیم الشان معجزہ نہیں ہے کہ یہ پاک سرزمین اسی طرح ہمارے ہی پاس ہے جس طرح پہلے تھی۔ اب بھی قادیان احمدیت کا زندہ اور جیتا جاگتا مرکز ہے۔ بے شک آج کچھ بین الاقوامی پابندیاں ضرور لگ گئی ہیں لیکن اللہ تعالےٰ کا یہ گھر اللہ تعالیٰ کے ہی بندوں کے ہاتھ میں ہے اور یقیناً تا قیامت رہیگا سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی دعائیں اور اللہ تعالےٰ سے خبر پاکر قادیان کے متعلق جو پیشگوئیاں ہیں وہ ضرور پوری ہوتی ہیں۔

جیسا کہ ہم نے کہا ہے آج کچھ پابندیاں ضرور ہیں اور ہم میں سے اکثر جن کے دل قادیان کے لئے تڑپتے ہیں ایسی آزادی سے وہاں آجا نہیں سکتے جس آزادی سے ہمارے دل چاہتے ہیں۔ بے شک ہم ان پابندیوں کی تلخی محسوس کرتے ہیں اس لئے بعض وقت ہمارے دل معمول سے زیادہ تڑپنے لگتے ہیں اور ہم ہوش میں نہیں رہتے حالانکہ ہمیں کامل یقین ہے کہ تمام پیشگوئیاں ضرور پوری ہو کر رہیں گی وہ روحیں جو اس سے مجبوراً دور کی گئی ہیں کسی نہ کسی وقت اپنا مقصود ضرور حاصل کر لیں گی مگر دشواری یہ ہے کہ قادیان خدا تعالےٰ کے فضل سے چونکہ ہمارے ہی پاس ہے۔

ملنا ترا اگر نہیں آساں تو سہل ہے
دشوار تو یہی ہے کہ دشوار بھی نہیں

لیکن ہماری روحیں اس لئے اور بھی تلخی محسوس کرتی ہیں کہ ہمارا وطن جو ہمارے ہی پاس ہے۔ ہم میں سے اکثر دل بھر کر اپنی خواہش پوری نہیں کر سکتے۔ اس سے ہمارے دل دردمند ہیں اور ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ اس درد کو ہم پر آسان کر دے۔ لیکن ــــ

بے شک ہم میں سے ہر ایک کے لئے یہ ہجرت بڑی شاق ہے لیکن اس میں ایک نہایت خوشگوار پہلو بھی ہے۔ ایک سچے مومن کے لئے اس ہجرت میں ایک مسرت کا سہارا بھی ہے اور یہ سہارا کوئی معمولی سہارا نہیں۔ یہ عظیم الشان معجزہ ہے۔ بے شک تقسیم سے یہ صورتِ حال پیدا ہوئی ہے۔ ہجرت کا داغ ہم نے ضرور سہنا تھا مگر اللہ تعالےٰ کو کچھ اور بھی منظور تھا۔ سوچئے ذرا قادیان کے لئے بیقرار ہونیوالو سوچئے اگر یہ ہجرت کا داغ ہم کو نہ ملتا تو پھر

ربوہ مقدسہ

جیسی حسین اور دلفریب بستی بھی ہم کو کہاں نصیب ہوتی۔ یہ ہجرت کا داغ تو ایسا ہے کہ اس پر لاکھوں بے خزاں بہاریں نثار ہوں۔ ذرا سوچئے اگر یہ داغِ ہجرت ہم نہ کھاتے تو

وَاٰوَیْنٰھُمَآ اِلٰی رَبْوَۃٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِیْنٍ

کی عظیم الشان پیشگوئی کس طرح پوری ہوتی۔ قادیان بے شک ہمارا مقدس وطن ہے اس کی فرقت سے ہمارے دل لالہ زار ہیں مگر ذرا

ربوہ مقدسہ

کو بھی تو دیکھئے۔ یہ ابراہیمی دعاؤں سے آباد ہونے والی دلآویز بستی۔ یہ رومانی دریائے چناب کے کنارے رونما ہونے والی آبادی جس کے دو طرف سنگین قدرتی حصار ہے۔ یہ سطح مرتفع جس کے پاؤں بڑے سے بڑا سیلاب بھی چھو کر نکل جاتا ہے جو دن میں ایک نوخیز شہر اور رات کو بقعۂ نور نظر آتا ہے جس کے دل میں سے شاہی سڑک اور ریلوے لائن گزرتی ہے۔ اور جس کو دیکھ کر لاکھوں مسافر حیرت زدہ رہ جاتے ہیں۔ یہ قادیان کے مہجور درویشوں کی بستی جہاں سے سینکڑوں درویش اب دنیا کے کناروں تک تبلیغِ اسلام کے لئے جاتے ہیں۔ اور ہاں یہ بستی جس کی زمین نے پسرِ مسیح کے پاک قدم کے بوسے لئے ہیں۔ ہاں ہاں یہ بستی بے شک قادیان نہیں مگر قادیان کا مکمل ظلّ تو ضرور ہے۔ اور اس لحاظ سے اس کو اور بھی افتخار حاصل ہے کہ یہ بستی قادیان کا پہلا نمونہ ہے۔ اور ہم کو تو ایسے لاکھوں نمونے بنانے ہیں۔

آج آپ بے شک جلسہ سالانہ میں شمولیت کے لئے قادیان دارالامان میں نہیں آ رہے مگر آپ ایک ایسی بستی میں ضرور آ رہے ہیں جو واللہ کم مقدس بھی نہیں ہے۔ آپ اسی جوش و شوق اور والہانہ عزم سے آ رہے ہیں یہ کوئی آپکا پہلا موقع نہیں ہے۔ یہ سرزمین بھی سجدوں کی سرزمین بن چکی ہے اور اس کے بھی ہر ذرہ میں کروڑوں سجدے آباد ہو چکے ہیں۔ خدا والوں کے مخلصانہ سجدے یہاں بھی اربوں کی تعداد میں روحانی فضا میں لہرا رہے ہیں۔

یہ سولہواں سالانہ جلسہ ہے آج جس میں شمولیت کے لئے آپ تشریف لا رہے ہیں۔ بے شک ہمارے دل قادیان کے لئے تڑپتے ہیں مگر وہ ربوہ کی سرزمین پر ہی تڑپتے ہیں تو پھر کیا ربوہ کے کوئی چھوٹے نصیب ہیں۔ ربوہ کے رہنے والے آپ کی تڑپوں کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ آپ کے اضطراب کا استقبال کرتے ہیں۔ اے آنے والو

اَھْلًا وَّسَھْلًا وَّمَرْحَبًا

خوش آمدید

فسق و فجور روح سے دھلنے لگا تو ہے
در گلشنِ بہشت کا کھلنے لگا تو ہے
پُر ہے فضا تمام مسیحا کے سانس سے
دجّال لون کی طرح گھلنے لگا تو ہے
بننے لگا ہے قوسِ قزح آہ کا دھواں
لعلِ سرشک خاک میں رلنے لگا تو ہے
معیارِ حسن اور بھی ہونے لگا بلند
پھولوں کے ساتھ خار بھی تلنے لگا تو ہے
تنویر کوئے یار سے آنے لگی نسیم
پھر آشیاں کا جھولنا جھلنے لگا تو ہے

ثاقب نمک

ایک ضروری یادداشت

مکرم شیخ محمد احمد صاحب مظہر ایڈووکیٹ امیر جماعت احمدیہ لائلپور

خاکسار نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتاب منن الرحمٰن کی روشنی اور ہدایت کے ماتحت تحقیق ام الالسنہ کا کام ۱۹۴۶ء میں شروع کیا اور اب تک ۱۹ سال کے اندر اسے مسلسل جاری رکھا۔ اثنائے تحقیق میں خاکسار پر گیارہ ایسے معین اصول منکشف ہوئے جن کی مدد سے تمام زبانوں کے الفاظ کا سراغ عربی تک پہنچایا جا سکتا ہے۔ چنانچہ اب تک خاکسار مندرجہ ذیل زبانوں کی تحقیق کر چکا ہے۔ ہر زبان کے الفاظ اصول کی روشنی میں گیارہ حصوں میں منقسم ہیں۔ اور ہر زبان کے اندر قرآنی الفاظ دائر و سائر پائے جاتے ہیں۔ دونوں قسم کے الفاظ جو حل کئے جا چکے ہیں ان کی تعداد کا اندازہ یہ ہے۔

نام زبان	تعداد الفاظ	تعداد الفاظ قرآنی
انگریزی	۶۲۰۳	۱۲۵۷
روسی زبان	۱۴۱۷	۴۵۵
سویڈش	۸۰۵	۳۲۵
ڈچ	۱۱۵۵	۴۴۹
فرینچ	۱۴۸۳	۵۷۲
جرمن	۷۴۳	۳۵۲
سپینش	۹۰۹	۳۳۸
لاطینی	۹۶۱	۴۴۴
اطالوی	۱۴۴۷	۶۰۶
یونانی	۲۵۸۰	۱۰۹۲
فارسی	۴۵۶	۱۶۶
آریائی روٹ	۳۲۳	۸۷
سنسکرت	۱۳۰۷	۴۰۷
ہندی	۱۰۹۴	۵۴۷
پالی	۲۰۴۱	۶۸۸
تبتی	۱۰۴۸	۴۱۳
چینی	۸۱۹	۴۰۰
جاپانی	۲۳۲۷	۱۰۴۳
سواحیلی	۲۰۱	۷۱
میزان	۲۷۳۱۹	۹۷۰۵

یاد رہے کہ غیر زبانوں کے اندر مفرد الفاظ کا سرمایہ بہت قلیل ہوتا ہے۔ اور ان مفرد الفاظ کو ترکیب دے کر لغات میں وسعت پیدا کی جاتی ہے۔ مثلاً سنسکرت کے مفرد الفاظ کا سرمایہ تقریباً ۷۰۰ لکھا جاتا ہے۔ اور یہ ۱۷۰۰ روٹس بھی سارے کے سارے دستیاب نہیں ہوتے۔ اسی طرح آرین روٹ جو خاکسار کو مل سکے تقریباً ۴۰۰ تھے۔ سواحیلی زبان کا تقریباً ۷۵ فیصدی حصہ مسلمہ طور پر بگڑی ہوئی عربی ہے۔ اس لئے سواحیلی کے الفاظ کی مندرجہ بالا تعداد میں صرف وہ الفاظ ہیں جو غیر عربی یا بنتو زبان کے الفاظ تصور کئے جاتے ہیں۔ اسی طرح فارسی زبان کا کثیر حصہ عربی ہے۔

مندرجہ بالا امور کے پیش نظر ان انیس زبانوں کا حقیقی سرمایہ ان ۲۷۳۱۹ الفاظ میں آ گیا ہے۔ اور اس میں خذ ما صفا دع ما کدر کے اصول کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا ہے

ولیس لفظ عندھم الا من
ھذہ اللھجۃ اور غیر زبانوں
کے پاس بجز اس زبان (عربی)
کے ایک لفظ بھی نہیں۔"
(منن الرحمٰن ص۶۶)

حضور نے جو یہ نصب العین مقرر فرمایا ہے۔ خاکسار نے اس کو عملاً یقینی اور عالمگیر پایا۔

مستشرقین اور اہل یورپ اور خود عرب ممالک میں سے کسی نے بھی اس ناقابل انکار صداقت کی طرف توجہ نہیں کی کہ دنیا کی تمام زبانیں عربی زبان سے نکلی ہیں اور یہ مضمون صرف اور محض حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے قرآن شریف کی تعلیم اور وحی والہام کی روشنی میں دنیا کے سامنے بڑی تحدی کے ساتھ پیش فرمایا۔ تحقیق سے ثابت ہے کہ یہ اسلامی صداقت عالم آشکار کالنقش فی الحجر اور اظہر من الشمس ہے یعنی اولیات بدیہیات سے ہے۔ اور مغربی محقق اس صداقت کے پانے سے محروم رہے ہیں ؎

یار نزدیک تر از من بمن است
ویں عجب تر کہ من از وے دورم
چہ کنم؟ با کہ توان گفت کہ او
در کنار من و من مہجورم

۱۹ زبانوں کے حل شدہ الفاظ کی تعداد جو اوپر درج ہوئی وہ ۲۷۳۱۹ الفاظ ہیں۔ ان الفاظ کو گیارہ اصولوں پر تقسیم کیا گیا ہے۔ اور اس لحاظ سے ہر اصول کے ماتحت جو تعداد بنتی ہے وہ اس طرح پر ہے

اصول اول ۶۶۵۶ ۔ اصول دوم ۲۹۴۶
اصول سوم ۸۹۰۱ ۔ اصول چہارم ۱۷۰۲
اصول پنجم ۱۰۳ ۔ اصول ششم ۱۰۲۹
اصول ہفتم ۱۳۲۹ اصول ہشتم ۲۴۸۸
اصول نہم ۔ ۱۱۵ اصول دہم ۱۷۵۶
اصول یازدہم ۲۵۴۔

جبکہ ہر زبان پر اصول کا اطلاق ہوتا ہے اور اس کے ماتحت ہر زبان کے الفاظ آتے ہیں۔ مثلاً اصول اول کے ماتحت ۱۹ زبانوں کے الفاظ کی تعداد ۶۶۵۶ ہے اور اصول سوم کے ماتحت یہ تعداد ۸۹۰۱ ہے وغیرہ۔ ملحوظ رہے کہ یہ ایک سائنٹفک طریق تحقیق ہے اور اصول اس کی تائید میں ہیں۔

خاکسار نے اپنی بساط کے مطابق پوری کوشش اور ذمہ داری کو مدنظر رکھا ہے اور خاکسار کو امید ہے کہ الفاظ کا سراغ ہر لحاظ سے صحیح پایا جائے گا۔ الا ما شاء اللہ

گزشتہ سال اس تحقیق کا ایک حصہ کتاب موسومہ

ARABIC THE SOURCE OF ALL THE LANGUAGES

میں شائع ہو چکا ہے اور مندرجہ بالا ۲۷۳۱۹ الفاظ دو جلدوں میں اور قرآنی الفاظ بقدر ۹۷۰۵ ایک جلد میں انشاء اللہ شائع ہو سکتے ہیں جب بھی خدا تعالیٰ کو منظور ہو۔

اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں فرماتا ہے:۔

وما ارسلنا من رسول
الا بلسان قومہ (۱۴:۵)

اور قرآن حکیم اور حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پیغام ہدایت کو عالمگیر قرار دیتا ہے۔

وما ارسلناک الا رحمۃ
للعالمین (۲۱ : ۱۰۸)
وما ارسلناک الا کافۃ
للناس بشیراً و نذیرا
(۳۴ : ۲۹)

اور قرآنی الفاظ جو ہر زبان میں دائر و سائر ہیں، مندرجہ بالا قرآنی صداقت کو ثابت کرتے ہیں۔ صدق اللہ و رسولہ

خاکسار کوئی عالم آدمی نہیں ہے بلکہ واقعہ یہ ہے کہ ؎

رُبّ رمیۃ من غیر رام

اور جہاں تک انسان ضعیف البنیان کی تحقیق مکمل کی جا سکتی ہے۔ یہ تحقیق مکمل ہو چکی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

اور خاکسار کی عمر کا ایک حصہ اس پر صرف ہوا ہے

نظامی سیاہ باش کہ سالہا شدند
تو ماندی بہ غم غمگساراں شدند

درخواست دعا

مکرم شیخ رفیع الدین احمد صاحب ریٹائرڈ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس و مرکزی سیکرٹری جماعت احمدیہ کراچی بیمار ہیں۔ ضعف قلب و بلڈ پریشر و بندش پیشاب سخت بیمار ہیں مثانہ کے اپریشن کے لئے وہ ہسپتال میں داخل ہو رہے ہیں احباب صحت کے لئے دعا فرمائیں۔
(قاضی عبد الرحمٰن سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

تصحیح

(۱) اخبار الفضل مورخہ ۲۲ ۱۲/۶۴ صفحہ ۳ پر زیر عنوان "اظہار خوشی کا احسن طریق" میں مکرم چوہدری محمد جمیل صاحب ساکن پیر کوٹ ثانی کے نام کے سامنے مبلغ ۵۰ روپے برائے تعمیر دفتر وقف جدید اور ۵۰ روپے برائے تعمیر ہال خدام الاحمدیہ پڑھے جائیں۔ (ناظم مال وقف جدید)

(۲) مورخہ ۱۳ ۱۲/۶۴ ، ۱۷ ۱۲/۶۴ ، ۱۸ ۱۲/۶۴ ، ۲۰ ۱۲/۶۴ ، ۲۲ ۱۲/۶۴ کے ص۶ پر اور ۱۹ ۱۲/۶۴ کے صفحہ سات پر الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ ربوہ کے اشتہار میں غلطی سے ملفوظات جلد پنجم شائع ہوتا رہا ہے۔ دراصل یہ ملفوظات جلد ہفتم ہے۔ احباب نوٹ فرما لیں۔

اسی طرح مورخہ ۲۰ ۱۲/۶۴ اور ۲۲ ۱۲/۶۴ کے شماروں کے ص۲ پر ایک اشتہار بعنوان "ختم نبوت کی حقیقت" شائع ہوا ہے اس کے شروع میں غلطی سے "ختم نبوت کا سلسلہ آخری خندق ہے۔" شائع ہو گیا ہے۔ دراصل فقرہ یوں ہے "ختم نبوت کا مسئلہ آخری خندق ہے" احباب اس کی بھی درستی فرمالیں۔ (مینیجر الفضل)

"امانت فنڈ تحریک جدید میں روپیہ لکھوانا فائدہ بخش بھی ہے اور خدمت دین بھی۔" (حضرت خلیفۃ المسیح الثانی)

نقد و نظر

اصحابِ احمدؐ جلد پنجم حصہ سوم

(سیرۃ حضرت مولوی سیّد سرور شاہ صاحبؓ)

سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے صحابہ کے حالات ضبط تحریر میں لانا تاکہ ہمارے اور ہماری آئندہ نسلوں کے لئے وہ روشنی کے مینار ثابت ہوں نہایت ضروری کام تھا۔ ہمارے نزدیک اس میں قدرت کا ہاتھ ہے کہ ملک صلاح الدین صاحب ایم۔ اے کے دل میں یہ شوق بھڑکا دیا جس کے نتیجہ میں آپ بعض مقتدر صحابہ کے ایمان افروز حالات قلمبند کرنے میں ایک بڑی حد تک کامیاب ہوئے ہیں۔ اگرچہ یہ کام اتنا وسیع ہے کہ اس کو ایک انسان کی کوشش تک محدود نہیں کیا جا سکتا اور چاہیئے کہ بعض دیگر احباب بھی اس کام میں ملک صاحب کی طرح پورے انہماک سے مصروف ہوں لیکن تاحال یہ سہرا ملک صاحب کے سر پر ہی ہے کہ آپ نے یہ کام سرانجام دینے کا تہیہ کیا ہوا ہے۔

اس وقت ہمارے سامنے اصحاب احمد کی جلد پنجم کا حصہ سوم ہے جو حضرت مولوی سیّد سرور شاہ صاحب رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے حالات کے بقایا پر مشتمل ہے۔ ملک صاحب نے جلد پنجم کے دو حصے اوّل و دوم پہلے آپ کے حالات پر مشتمل شائع کئے ہیں جو قبولِ عام کی سند حاصل کر چکے ہیں۔ حصہ سوم میں آپ نے بعض چیدہ چیدہ احباب کے وہ تاثرات دئے ہیں جو انہوں نے سید صاحب کے ساتھ میل جول۔ آپ سے ارتباط اور آپ سے تعلیم حاصل کرنے کے زمانہ میں ذاتی طور پر لئے۔

حقیقت یہ ہے کہ حضرت مولوی سید سرور شاہ صاحب ایک بہت بڑے مردِ مومن تھے جو اپنی نظیر آپ ہی تھے — ہم پھر ایک بار ملک صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے ہر طرح کی قربانی کر کے اتنے بڑے کام کا بیڑا اٹھایا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالےٰ نے آپ کو اس کام کے لئے چن لیا ہے۔ بہرحال سید سرور شاہ صاحب رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے حالات پر مشتمل یہ حصہ سوم بھی بڑا مفید ہے اور ہمیں امید ہے کہ احباب اس کو ہاتھوں ہاتھ خرید لیں گے وہ دوست واقعی خوش قسمت ہوں گے کیونکہ ایسی تالیفات جلد ہی نایاب ہو جاتی ہیں اور پھر کسی قیمت پر نہیں مل سکتیں۔

۲۔ گلزارِ احمد مکمل ہر سہ حصص

قریشی محمد اسمٰعیل صاحب حامد خوشنویس نے اس کتاب میں پنجابی زبان کے اشعار میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے سوانح حیات نہایت عمدہ اور دلکش طریق سے منظوم کئے ہیں۔ پہلے حصہ میں حضورؑ کے دعویٰ اور علامات کا ذکر کیا ہے۔ دوسرے حصہ میں حضور کا علماء سے مقابلہ اور آپ کے صداقت کے ثبوت میں بعض بزرگوں کے کشوف بیان فرمائے ہیں۔ حصہ سوم میں سکھ قوم پر اتمام حجت اور جلسہ مذاہب اعظم لیکھرام کی ہلاکت کی پیشگوئی۔ ملکہ وکٹوریہ کو دعوتِ اسلام۔ مقدمہ پادری مارٹن کلارک۔ طاعون کی پیشگوئی۔ یورپ اور امریکہ میں ظاہر ہونے والے دوئش ان اور پیر مہر علی شاہ گولڑوی کو اعجاز المسیح کا جواب لکھنے کی دعوت کا ذکر کیا ہے۔

حامد صاحب نے منظوم کلام کے ساتھ اردو نثر میں بھی تمام واقعات حاشیہ میں قلمبند کر دیئے ہیں اور ضروری اور مناسب حوالہ جات نقل کر دئے ہیں۔ اس سے کتاب اور زیادہ مفید ہو گئی ہے۔

یہ کتاب پنجابی اشعار سے دلچسپی رکھنے والے اصحاب کے لئے ایک دل پسند تحفہ ہے اور دیہات میں تبلیغ کے لئے انشاء اللہ نہایت مفید ثابت ہو گی۔ لکھائی چھپائی عمدہ ہے۔ قیمت ہر سہ حصص مجلد تین روپے غیر مجلد اڑھائی روپے۔ جلسہ پر ربوہ کے کتب فروشوں سے مل سکے گی۔

خریدارانِ خالد (خلافت ثانیہ نمبر) کے متعلق ایک ضروری اعلان

خالد کے جملہ خریداران و ایجنٹ صاحبان کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ ماہ دسمبر سنہ ۶۲ء کا خالد (خلافتِ ثانیہ نمبر) جو دو صد دس صفحات پر مشتمل ہو گا اور بارہ تصاویر سے مزین۔ دفتر خدام الاحمدیہ سے جلسہ سالانہ کے مبارک ایام کے دوران حاصل کر لیں۔ اپنا خریداری نمبر نوٹ کر کے لائیں تاکہ رسالہ کی تقسیم میں آسانی رہے۔ جو احباب اپنا رسالہ جلسہ سالانہ کے ایام کے دوران حاصل نہ کر سکیں انہیں جلسہ سالانہ کے معاً بعد پوسٹ کر دیا جائے گا۔

(مہتمم اشاعت خدام الاحمدیہ مرکزیہ۔ ربوہ)

ضروری تحریک و درخواستِ دعا

(محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب)

یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ فضلِ عمر ہسپتال نے احباب جماعت کے تعاون سے ایک جیپ ویگن کا انتظام کر کے ماہ اکتوبر سے سفری ڈسپنسری کا اجراء کیا ہے جو ربوہ سے ملحق دیہات میں ہفتہ میں تین بار جاتی ہے اور وہاں کے مریضوں کو ادویہ وغیرہ دیتی ہے۔ اس کام کے لئے مستقل اخراجات کی ضرورت ہے۔ ہذا خاکسار کی تحریک پر مندرجہ ذیل دوستوں نے ماہانہ رقوم بھجوانا شروع کی ہیں احباب جماعت اور دوستوں کو اپنی دعاؤں میں خاص طور پر انہیں یاد رکھیں نیز جو دوست اس نیک تحریک میں حصہ لینا چاہیں وہ عطایا کی رقوم ہسپتال کی امانت "ہسپتال فنڈ" میں بھجوا دیا کریں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔

خاکسار مرزا منوّر احمد

فہرست عطیہ دہندگان بمد "ہسپتال فنڈ"

عطیہ ماہانہ

۱۔ خاکسار مرزا منور احمد ربوہ ۔۔۔ ۱۰
۲۔ حکیم منور علی صاحب ناظم آباد کراچی ۔۔۔ ۵
۳۔ قریشی نجیب الدین صاحب " " ۔۔۔ ۱۰
۴۔ چوہدری سر محمد ظفر اللہ خاں صاحب ۔۔۔ ۱۰۰
۵۔ بیگم صاحبہ میاں محمد محسن صاحب مرحوم لائلپور ۔۔۔ ۵۰
۶۔ کیپٹن رحمت اللہ صاحب باجوہ نیول آفیسر چٹاگانگ ۔۔۔ ۲۵ بالمقطعہ
۷۔ محترمہ مجیدہ بیگم صاحبہ بیگم شاہنواز صاحب کراچی ۔۔۔ ۵۰
۸۔ ابرار حسین صاحب سٹور کلرک سیج کمپنی شاہدرہ ۔۔۔ ۴
۹۔ چوہدری سلیم احمد صاحب ابن ڈاکٹر عبد الرحمٰن صاحب کامٹی میگنا ٹیکسٹائل ملز ٹانگہ۔ ڈھاکہ ۔۔۔ ۵
۱۰۔ شیخ محمد اقبال صاحب پراچہ سرگودہا ۔۔۔ ۱۰
۱۱۔ بیگم صاحبہ ڈاکٹر مرزا مبشر احمد صاحب کراچی ۔۔۔ ۱۰۰ بالمقطعہ
۱۲۔ چوہدری کرامت اللہ صاحب کراچی ۔۔۔ ۱۰
۱۳۔ بیگم صاحبہ صاحبزادہ مرزا حمید احمد صاحب لاہور ۔۔۔ ۱۰
۱۴۔ منجانب والدہ صاحبہ ڈاکٹر مسعود احمد صاحب لاہور ۔۔۔ ۱۵ بالمقطعہ
۱۵۔ اکرم یوسف و اسلم یوسف صاحبان پسران محمد یوسف خاں صاحب سٹاف روڈ کوئٹہ ۔۔۔ ۱۰
۱۶۔ نوابزادہ محمد امین خاں صاحب بنوں شہر ۔۔۔ ۵
۱۷۔ ڈاکٹر قاضی محمد منیر صاحب لاہور ۔۔۔ ۵
۱۸۔ ڈاکٹر ایس۔ ایم عبد اللہ صاحب وزیر آباد ۔۔۔ ۵
۱۹۔ ڈاکٹر کرنل محمد عطاء اللہ صاحب لاہور ۔۔۔ ۱۰
۲۰۔ بنان صاحب میاں محمد یوسف خاں صاحب ماڈل ٹاؤن لاہور ۔۔۔ ۵
۲۱۔ کرنل ڈاکٹر تقی الدین احمد صاحب لاہور چھاؤنی ۔۔۔ ۱۰
۲۲۔ شیخ اعجاز احمد صاحب فریئر سٹریٹ کراچی ۔۔۔ ۱۰ بالمقطعہ
۲۳۔ ثناء اللہ صاحب شبلی ربوہ ۔۔۔ ۱۰ "
۲۴۔ علی احمد صاحب حقانی ابن صوفی علی محمد صاحب صحابی لکھنوالی ضلع سیالکوٹ ۔۔۔ ۱۰
۲۵۔ بیگم وحید صاحب لالہ موسیٰ ۔۔۔ ۱۵
۲۶۔ ڈاکٹر غلام فاطمہ صاحبہ پنشنر صدر انجمن احمدیہ ۵۶/۱۰ بالمقطعہ
۲۷۔ مرزا عبد القیوم صاحب نوشہرہ چھاؤنی ۔۔۔ ۱۰
۲۸۔ سیٹھ محمد صدیق صاحب بانی آف چنیوٹ ۔۔۔ ۱۰۰ بالمقطعہ
۲۹۔ محترمہ سیدہ مہر آپا صاحبہ ربوہ ۔۔۔ ۲۰ "
۳۰۔ امۃ الرشید صاحبہ اہلیہ محمد ادریس صاحب لاہور ۔۔۔ ۱
۳۱۔ رفعت بیگم صاحبہ اہلیہ قریشی عبد الرشید صاحب ایڈووکیٹ لاہور ۔۔۔ ۱۰
۳۲۔ شیخ نور الحق صاحب گولبازار ربوہ ۔۔۔ ۵ بالمقطعہ
۳۳۔ محمد طفیل صاحب کھڑیانوالہ ۔۔۔ ۱۰
۳۴۔ قریشی محمد لطیف صاحب پروپرائٹر الکیمسٹس لاہور ۔۔۔ ۱۰
۳۵۔ صوفی کریم بخش صاحب بنگلہ گوجرانوالہ ۔۔۔ ۵
۳۶۔ مسعود احمد صاحب خورشید ۔۔۔ ۲۴ بالمقطعہ
۳۷۔ عبد الکریم صاحب ڈار سیالکوٹ ۔۔۔ ۵
۳۸۔ ملک رشید احمد صاحب لاہور ۔۔۔ ۱۰
۳۹۔ بیگم عطیہ مبارک صاحبہ ریلوے روڈ سرگودہا ۔۔۔ ۱۰
۴۰۔ نصر اللہ خاں صاحب سیکرٹری مال نولیکی گجرات ۔۔۔ ۵
۴۱۔ میجر شمیم احمد صاحب بھکّر ۔۔۔ ۵
۴۲۔ شیخ فضل احمد صاحب جمیہ منزل انارکلی لاہور ۔۔۔ ۱۰

تقریبِ شادی

مورخہ ۳ر دسمبر ۱۹۶۲ء بروز اتوار مکرم عبد الرشید صاحب فوزی ایم۔ اے لیکچرار تعلیم الاسلام کالج کی تقریب شادی عمل میں آئی۔ ان کی شادی عزیزہ نعیمہ امۃ السمیع صاحبہ بنت محترم ڈاکٹر میر مشتاق احمد صاحب ڈائریکٹر اریگیشن ریسرچ انسٹی ٹیوٹ لاہور کے ہمراہ ہوئی ہے۔ بارات ۳ر دسمبر کو نو بجے ربوہ سے روانہ ہو کر ایک بجے لاہور پہنچی بارات میں ممبران کالج اسٹاف و دیگر احباب کے علاوہ محترم مولانا جلال الدین صاحب شمس نے بھی شرکت فرمائی۔ اسی روز شام کو تقریب رخصتانہ عمل میں آئی اور بارات سوا سات بجے واپس ربوہ پہنچ گئی۔ مورخہ ۵ر دسمبر کو مکرم فوزی صاحب کے برادر اکبر مکرم عبد الحکیم صاحب جوزا مربی سلسلہ نے اپنے مکان واقع دار الصدر جنوبی پر دعوت ولیمہ کا اہتمام کیا جس میں بہت سے احباب شریک ہوئے اور محترم صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب بھی ازراہِ نوازش تشریف لائے۔ دعوت کے اختتام پر محترم صاحبزادہ صاحب نے دعا کرائی۔ احباب دعا فرماویں کہ اللہ تعالےٰ اس رشتہ کو ہر دو خاندانوں کے لئے مبارک کرے اور مثمر ثمراتِ حسنہ بنائے۔ آمین۔

ہر صاحب استطاعت احمدی کا فرض ہے کہ وہ اخبار الفضل خود خرید کر پڑھے

تحقیقِ عارفانہ

پروفیسر غلام جیلانی صاحب برق کی کتاب "حرفِ محرمانہ" جو حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات اور الہامات ـ پیشگوئیوں، تعلیم ـ حضور کی عربی دانی اور اُردو زبان پر اعتراضات سے پُر چارسو چالیس صفحات کی ایک تصنیف ہے ـ جناب قاضی محمد نذیر صاحب فاضل سابق پرنسپل جامعہ احمدیہ نے اس کتاب کا ایک نہایت مبسوط جواب رقم فرمایا ہے جسمیں تمام اعتراضات کا تجزیہ کر کے انکا علمی اور تحقیقی جواب دیا گیا ہے ـ تبلیغی مقاصد اور جماعت کے نوجوان طبقہ کے علم میں اضافہ کیلئے یہ کتاب انشاء اللہ نہایت مفید ثابت ہو گی ـ سلسلہ کے لٹریچر میں ایک قابل قدر اضافہ ہے ـ اس کی اشاعت میں بہت سے نئے حوالے شامل ہیں ـ یہ کتاب بہت محدود تعداد میں شائع ہو رہی ہے ـ اور آٹھ سَو سے زائد صفحات پر مشتمل ہے ـ جلسہ سالانہ کے موقع پر دستیاب ہو گی کتاب محفوظ کرانے کے لئے پہلے سے کمپنی کو لکھیئے ـ

الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ ـ ربوہ

مکرم و محترم صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب
(پرنسپل تعلیم الاسلام کالج، صدر ـ صدر انجمن احمدیہ ـ ربوہ)

تحریر فرماتے ہیں :ـ

"ناصر دواخانہ کا منجن اکسیر پائیوریا ایک عرصہ سے میرے استعمال میں ہے اور خدا تعالیٰ کے فضل سے میں نے اُسے بہت مفید پایا ہے ـ جزاء اللہ ھو الشافی"۔

قیمت فی شیشی :ـ ایک روپیہ پچیس پیسے ـ اور دو روپے پچیس پیسے ـ

ناصر دواخانہ ـ رجسٹرڈ ـ ربوہ

ضرورت

ہمیں اپنی فرم کے لئے ایک مستعد، دیانتدار، میٹرک تک تعلیمیافتہ نوجوان ملازم کی ضرورت ہے ـ دفتری کام جاننے والے اور کسی حد تک اکونٹ سے واقفکار کو ترجیح دی جاوے گی ـ انٹرویو کیلئے جلسہ سالانہ کے تینوں دن صبح ۸½ بجے تک مکرم ملک سیف الرحمٰن صاحب مفتی سلسلہ کے مکان پر ملیں ـ

المعلن ـ چوہدری عبد اللطیف مینیجنگ پروپرائیٹر ـ پاوٗر الیکٹرک کمپنی ـ مُلتان

پیسے سے آپ کتاب تو خرید سکتے ہیں

لیکن علم نہیں

دوا خرید سکتے ہیں!

مگر صحت نہیں

لیکن "کیور یو سسٹم" کی ادویات کا خریدنا یقیناً خدا تعالیٰ کے فضل سے شفا اور صحت کا خریدنا ہے

ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی ـ گول بازار ـــــــــ ربوہ
کیورویو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ کرشن نگر ـــــــــ لاہور

سِلسلہ عالیہ احمدیہ کا قیمتی اور مفید لٹریچر

۱ـ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جملہ کتب کا مکمل سیٹ

[redacted]

یعنی

رُوحانی خزائن

رعائیتی قیمت مکمل سیٹ ـــــــــ ...... ۱۹۰ روپے

کاغذ عُمدہ ـ طباعت دیدہ زیب ـ تجلید مضبوط ـ

۲ـ ملفوظات

حضرت مسیح موعود علیہ السلام

جلد اوّل تا ہفتم

ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ السلام جو آپ کی روحانی ـ علمی ترقی اور تربیتِ اولاد کے لئے بیش بہا خزانہ ہیں

جلسہ سالانہ کے موقع پر ہمارے ہاں سے طلب فرماویں

کاغذ عُمدہ ـ طباعت دیدہ زیب ـ تجلید خوبصورت

ھدیہ فی جلد مجلد ...ـ ۸ روپے علاوہ محصول ڈاک

۳ـ تفسیر سورۃ البقرہ

یعنی

سیّدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ کے پُر حکمت و پُر معارف نوٹوں کا مجموعہ ـ از رکوع ۱۰ تا ۴۰ ـ

کاغذ عمدہ ـ طباعت دیدہ زیب ـ تجلید مضبوط ـ

ہدیہ فی جلد مجلد ...ـ ۱۲ روپے ـ علاوہ محصول ڈاک ـ

جلسہ سالانہ کے موقع پر طلب فرماویں

اِس کے علاوہ قرآن مجید اور ہر قسم کا اسلامی لٹریچر ہمارے ہاں سے طلب فرمائیں

ملنے کا پتہ

الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ ـ گولبازار ربوہ

جلسہ سالانہ ربوہ کے مبارک موقع پر

آرام دِہ سفر کے لئے

پرنس ٹرانسپورٹ کمپنی

کی

نئی بسوں اور اعلےٰ اخلاق کے حامل سٹاف کی خدمات سے فائدہ اٹھائیں

لاہور ۔ لائل پور ۔ سرگودہا ۔ گوجرانوالہ ۔ سیالکوٹ ۔ گجرات

کے احباب

ہمارے قریب ترین دفتر سے رجوع فرماویں

جنرل منیجر

ضرورت ہے

ایک چالو کاروبار کے لئے جو لاہور اور لائل پور میں ہے ایک ایسے حصہ دار کی ضرورت ہے ۔ جو کم از کم پچیس ہزار روپیہ لگا سکتے ہوں اور خود وقت بھی دے سکتے ہوں ۔

تفصیلات کے لئے

اے معرفت دفتر الفضل ربوہ سے رجوع کریں

ضرورت ہے

آفس منیجر :- انڈنٹنگ ہاؤس میں کام کرنیکا کافی تجربہ ہو ۔ امپورٹ ۔ ایکسپورٹ کے کاروبار کو اچھی طرح جانتے ہوں بیرونی ممالک کی کمپنیوں سے خط و کتابت کرکے ایجنسیز حاصل کرنیکی اہلیت رکھتے ہوں ۔ پاکستانی دفتروں سے رابطہ قائم کرنے اور گورنمنٹ ٹنڈرنگ میں مہارت رکھتے ہوں ۔

سٹینو ٹائپسٹ / ٹائپسٹ :- جنہوں نے کسی انڈنٹنگ ہاؤس میں کافی دیر ملازمت کی ہو ۔ امپورٹ ۔ ایکسپورٹ ۔ لائسنسنگ اور ایل سی وغیرہ سے متعلقہ خط و کتابت سے اچھی طرح واقفیت رکھتے ہوں ۔

درخواستیں معرفت پوسٹ بکس ۹۱۵ ۔ جی ۔ پی ۔ او لاہور آنی چاہئیں

”تجلیٔ قدرت“

کے نام سے ایک کتاب ۳۶۸ صفحات پر مشتمل جس میں ۸ فوٹو بھی ہیں شائع ہوئی ہے ۔ جسکے پہلے حصہ میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے متعلق بعض نئی روایات ہیں ۔ دوسرے حصہ میں خلافت اُولیٰ سے میرے تعلقات ۔ تیسرے حصہ میں خلافت ثانیہ سے میرے تعلقات اور چوتھے حصہ میں میری سوانحعمری جس میں افضال الٰہی کا ذکر ہے جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بیعت سے حاصل ہوئے ۔ قیمت چار روپے غیر مجلد اور پانچ روپے مجلد کی ۔

یہ کتاب خاکسار سے مل سکتی ہے یا جلسہ سالانہ کے ایام میں پبلک کارنر گولبازار ربوہ پر مولوی محمد اکبر افضل شاہد سے مل سکتی ہے ۔ (قدرت اللہ سنوری)

احمدیوں کی کپڑے کی مشہور
دُکان

ملکی و غیر ملکی ۔ زنانہ ، مردانہ ۔ لاتعداد ڈیزائنوں میں ملبوسات پیش کرتے ہیں

میسرز ملتان کلاتھ ہاؤس رجسٹرڈ چوک بازار ملتان شہر

فون ۲۵۱۰ ۔ ۲۵۱۰ A. RES

جلسہ سالانہ کا تحفہ ”گورونانک جی کا گورو“ قیمت فی نسخہ ۱/۵۰ ۔ اعلیٰ کاغذ ۲/- جلسہ سالانہ کے دنوں میں ہر ایک کتب فروش سے طلب کریں

ہمدرد لنسواں (اٹھرا کی گولیاں) دواخانہ خدمت خلق رجسٹرڈ ربوہ سے طلب کریں ۔ مکمل کورس انیس ۱۹ روپے

دوستو اک نظر خدا کے لئے
سید الخلق مصطفےٰؐ کے لئے

ختم نبوت کی حقیقت

رسول پاکؐ کا عدیم المثال مقام

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب رضی

کی

معرکۃ الآراء تصنیف

(ختم نبوت کا مسئلہ آخری خندق ہے جو ہمارے اور دوسرے مسلمانوں کے درمیان حائل ہے اور جب ہم نے خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس خندق کو کمایاں ہے سر کر لیا تو انشاء اللہ الکامیدان صاف ہے یلا)

اس خندق کو سر کرنے کے لئے حضرت صاحبزادہ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ معرکۃ الآراء کتاب ختم نبوت کی حقیقت رسول پاکؐ کا عدیم المثال مقام صفحات ۱۹۲ ٹائیٹل خوبصورت رنگین اور سیڈ زیبہ کاغذ سفید اور لکھائی چھپائی عمدہ اور نفیس شائع کی جا رہی ہے۔ جلسہ سالانہ پر بکسٹال سے خرید فرما دیں۔ نیز ناشران سے بھی مل سکتی ہے قیمت صرف دو روپیہ۔

ناشران :- بشیر الدین احمد میاں عبد الرحمن مسجد احمدیہ بیرون دہلی دروازہ۔ لاہور۔

اسلامی لٹریچر و کتب سلسلہ

الشرکۃ الاسلامیہ قومی سرمایہ سے جاری ہے اس قومی ادارہ سے سلسلہ کی کتب خرید فرمادیں۔ اس وقت ستر ہزار روپیہ کی کتابوں کا سٹاک موجود ہے جو بڑی بڑی قیمتی اور بہت مفید کتب پر مشتمل ہے مثلاً تفسیر کبیر کی مختلف جلدیں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کی مجلد جلدیں بصورت سیٹ ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ السلام سات جلدوں میں فصل الخطاب حضرت خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عیسائیت کے رد میں لاجواب کتاب اور فضائل القرآن حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی تقریروں کا مجموعہ دیگر کتب سلسلہ موجود ہیں۔

مہتمم الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ ربوہ

مفید خالص زود اثر اور مجرب

دوائیں

حضرت خلیفۃ المسیح اول رضی کے شاگرد

حکیم نظام جان صاحب

ہی آپ کی خدمت میں پیش کرتے ہیں

پتہ

چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ

اعلانِ نکاح

میری بھانجی عزیزہ بلقیس پروین بنت فضل کریم صاحب مرحوم گولی مار کراچی کا نکاح حبیب اللہ ملک ولد ملک محمد عبد اللہ صاحب لائل پور کے ہمراہ مبلغ دو ہزار روپیہ مہر پر مکرم مولوی عبد المجید صاحب نائب امیر جماعت احمدیہ کراچی نے ۱۸ نومبر ۱۹۶۶ء کو پڑھا۔ دوست دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ یہ نکاح جانبین کے لئے مبارک کرے

(غلام احمد فرخ مربی حیدرآباد)

حتی الوسع تمام دوستوں کو جلسہ میں محض للہ ربانی باتوں کو سننے کے لئے شامل ہونے کی کوشش کرنی چاہیئے (ارشاد گرامی حضرت مسیح موعودؑ)

جلسہ سالانہ کی مبارک تقریب ۲۶-۲۷-۲۸ دسمبر ۶۶ء

میں شمولیت و واپسی کے لئے

طارق ٹرانسپورٹ کمپنی لمیٹڈ ۲۶ ڈی مال لاہور

جسے جماعتی تقریبات کے ہر موقع پر تعاون کا شرف حاصل رہا ہے

کو

خدمت کا موقع دیں۔ یہ آپ کی اپنی کمپنی ہے

اضلاع

سیالکوٹ ✱ گوجرانوالہ ✱ گجرات ✱ منٹگمری ✱ بہاولنگر ✱ لاہور ✱ لائلپور

اور دیگر مقامات سے پوری بسوں کی بکنگ جاری ہے (منیجر)

جلسہ سالانہ پر آنے والے احباب کو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی زرّیں نصائح

جو لوگ یہاں آنے کے بعد جلسہ گاہ میں نہیں بیٹھتے اور تقاریر نہیں سنتے وہ گناہ کا بوجھ اٹھاتے ہیں

"میں باہر سے آنے والوں کو بھی اس طرف توجہ دلاتا ہوں میں یہ نہیں کہتا کہ وہ جلسہ سالانہ پر نہ آئیں وہ جلسہ سالانہ پہ آئیں اور خوب آئیں اور غیر از جماعت لوگوں کو اپنے ساتھ لائیں لیکن میں ان سے اتنا ضرور کہوں گا کہ کچھ عرصہ سے جلسہ پر آنے والوں میں یہ میلان پیدا ہو گیا ہے کہ جلسے کا نام آرام سہولت اور مہمان نوازی رکھ لیا گیا ہے بہت سے لوگ جلسہ سالانہ پر آکر بھی برکات سے محروم رہتے ہیں۔ وہ جلسہ دیکھنے آتے ہیں سننے نہیں آتے۔ ایسے لوگوں کو میں کہوں گا وہ یہاں تقاریر نہ سن کر گناہ کا بوجھ اٹھاتے ہیں۔ اگر یہاں آکر تقاریر نہیں سننی تو بہتر ہے کہ وہ یہاں نہ آئیں اور اسی طرح وہ غیر از جماعت افراد جو ان کے ساتھ آئیں اگر وہ جلسہ کی تقاریر سننے کے لئے تیار نہیں یا جو انہیں ساتھ لاتے ہیں انہیں جلسے میں بٹھانے پر تیار نہیں تو میں انہیں بتا دینا چاہتا ہوں کہ ان کا میلہ کے رنگ میں یہاں آنا انہیں خود بھی گنہگار بناتا ہے اور دوسرے سینکڑوں اور ہزاروں لوگ جو انہیں دیکھتے ہیں وہ بھی ان کی وجہ سے گنہگار بنتے ہیں وہ انہیں دیکھ کر ان کی سی حرکات کرنے لگ جاتے ہیں" (ارشاد سیدنا المصلح الموعود مورخہ ۱۹ دسمبر ۱۹۵۲ء الفضل ۲۳ دسمبر ۱۹۵۲ء)

(منجانب شعبہ خدمت خلق جلسہ سالانہ ۱۹۶۴ء) ۔

ایم اے (فارسی) میں شاندار کامیابی

یونیورسٹی بھر میں اوّل

یہ خبر خوشی اور مسرت سے سنی جائے گی کہ عزیزہ امۃ الملک فرخ صاحبہ بنت مکرم پیر صلاح الدین صاحب ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ جو حضرت ڈاکٹر میر محمد اسمٰعیل صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نواسی ہیں ایم اے (فارسی) میں ۵۶۶ نمبر لے کر یونیورسٹی بھر میں اوّل آئی ہیں۔ الحمد للہ

احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ یہ کامیابی خود ان کے لئے ان کے خاندان اور سلسلہ عالیہ احمدیہ کے لئے مبارک کرے۔ اور اسے مزید دینی و دنیوی ترقیات کا پیش خیمہ بنائے۔ آمین۔

اب دیکھتے ہو کیا رجوعِ جہاں ہوا
اک مرجعِ خواص یہی قادیاں ہوا
(درثمین)

ٹنڈر نوٹس

خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ کے ہال کی تعمیر کے لئے آئیٹم ریٹ ٹنڈر مطلوب ہیں۔ کاغذاتِ ٹنڈر دفتر خدام الاحمدیہ مرکزیہ سے ۴ر جنوری ۱۹۶۵ء تک حاصل کئے جا سکتے ہیں جو کہ ۵ر جنوری ۱۹۶۵ء تک بارہ بجے دوپہر سے قبل دفتر میں پہنچنے ضروری ہیں۔ ٹنڈر حاضر ٹھیکیداران کی موجودگی میں اسی وقت کھولے جائیں گے۔ ٹنڈر کی منظوری صدر صاحب خدام الاحمدیہ مرکزیہ دیں گے اور انہیں اختیار ہے کہ جس ٹنڈر کو چاہیں منظور کر سکتے ہیں۔ آر سی سی کے کام کا تجربہ رکھنے والے ٹھیکیدار کو ترجیح دی جائے گی

ہال کا کل اسٹیمیٹ ڈیڑھ لاکھ روپے کے قریب ہے اور یہ کام چھ ماہ میں مکمل کرنا ہو گا سامان سیمنٹ۔ سریہ۔ بجری اور لکڑی (سٹرنگ) مجلس کی طرف سے سائٹ سے دو سو فٹ کے فاصلہ کے قریب مہیا کیا جائے گا۔ کنکریٹ مکسر اور وائبریٹر کا انتظام بھی مجلس کی طرف سے کیا جائے گا۔ انشاء اللہ۔

ہال کی کل اونچائی زمین سے ۴۰ فٹ کے قریب ہے لفٹ کے لئے انتظام ٹھیکیدار کو کرنا ہو گا۔ پانی کی بہم رسانی اور سٹور یج کا انتظام بھی ٹھیکیدار کو کرنا ہو گا دیگر تفصیل کاغذات ٹنڈر میں موجود ہے نقشہ جات دفتر میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ ٹنڈر صدر صاحب خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے نام آنے چاہئیں۔

(معتمد خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ)

جلسہ سالانہ پر تشریف لانے والے ڈاکٹر صاحبان کے لئے ضروری اعلان

جلسہ سالانہ پر نظامت طبی امداد کو ڈاکٹر صاحبان کی طوعی خدمات کی ضرورت پڑتی ہے جلسہ پر تشریف لانے والے ایسے ڈاکٹر صاحبان سے جو یہ خدمت ادا کرنا چاہتے ہوں درخواست ہے کہ وہ ربوہ پہنچتے ہی فضل عمر ہسپتال میں تشریف لا کر نظامت طبی امداد کے انچارج مکرم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب کے پاس اپنے نام پیش کریں۔ فیصلہ کیا گیا ہے کہ ایسے احباب سے دن میں صرف تین گھنٹے کی ڈیوٹی لی جایا کرے گی۔ باقی وقت وہ فارغ ہوں گے۔ امید ہے کہ ہمارے ڈاکٹر احباب سب کے سب اس طوعی خدمت میں حصہ لے کر عند اللہ ماجور ہوں گے

(افسر جلسہ سالانہ)

جلسہ سالانہ کے ایام میں نماز تہجد باجماعت

امسال بھی حسب سابق جلسہ سالانہ کے ایام میں یعنی ۲۶، ۲۷، ۲۸ر دسمبر کو مسجد مبارک میں نماز تہجد باجماعت کا انتظام کیا گیا ہے ۴½ بجے نماز تہجد باجماعت شروع ہوا کرے گی مستورات کے لئے پردہ کا انتظام ہو گا۔

(ناظر اصلاح وارشاد)

جلسہ سالانہ کے ایام میں مسجد مبارک میں درس القرآن

گزشتہ سالوں کی طرح امسال بھی جلسہ سالانہ کے ایام میں یعنی ۲۶-۲۷-۲۸ دسمبر کو مکرم مولانا جلال الدین صاحب شمس مسجد مبارک میں بعد نماز فجر قرآن کریم کا درس دیا کریں گے احباب استفادہ فرمادیں۔

(نظارت اصلاح وارشاد)

جمعہ کی نماز

جلسہ گاہ میں ادا کی جائے گی،

۲۵ر دسمبر کو جمعہ کا دن ہو گا۔ اور ۲۶ر دسمبر سے جلسہ سالانہ شروع ہے۔ اس لئے احباب کثرت سے جمعہ پر پہنچ جائیں گے فیصلہ کیا گیا ہے۔ کہ جمعہ جلسہ گاہ میں ہو خطبہ ڈیڑھ بجے شروع ہو گا۔ مستورات کے لئے پردہ کا انتظام ہو گا تمام احباب مطلع رہیں۔

(ناظر اصلاح وارشاد)

دفتر معلومات و فوری امداد

جلسہ سالانہ میں شامل ہونے والے دوستوں کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ امسال دفتر "معلومات و فوری امداد" بعض نئے انتظامات کے ساتھ احاطہ صدر انجمن احمدیہ کے غربی حصہ میں کھولا گیا ہے اس لئے مندرجہ ذیل امور کے لئے دوست اس دفتر سے رابطہ پیدا کریں۔ (۱) ہر قسم کی معلومات کے لئے (۲) گمشدہ اشیاء کی بازیابی کے لئے (۳) کسی مشکل کے وقت فوری امداد حاصل کرنے کے لئے (۴) گمشدہ چیز جمع کرانے کے لئے۔ بوقت ضرورت دفتر معلومات و فوری امداد" میں تشریف لائیں یا فون نمبر ۵۰ پر بات کریں۔

(افسر جلسہ سالانہ)

ضلع سرگودہا کے قائدین و نگران

حلقہ جات توجہ فرمائیں

ضلع سرگودہا کی مجالس کے قائدین اور نگران حلقہ جات کی ایک میٹنگ مورخہ ۲۷ر ۱۲ر ۶۴ بروز اتوار بر موقع جلسہ سالانہ منعقد ہو رہی ہے اس لئے تمام قائدین مجالس و نگران حلقہ جات ضلع سرگودہا اس روز کے دوسرے اجلاس کے ختم ہونے کے فوراً بعد دفتر خیمہ مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ واقع جلسہ گاہ سالانہ کے سامنے جمع ہو جاویں۔

(ڈاکٹر محمد محسن ہاشمی قائد ضلع سرگودہا)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

فضل عمر ہسپتال کے نادار مریضوں کے لئے

صدقات بھیجنے والے احباب

از ۱۱/۵/۶۴ تا ۱۵/۱۲/۶۴

— محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب —

ذیل میں ان احباب کی فہرست درج کی جاتی ہے جنہوں نے مورخہ ۱۱/۵/۶۴ تا ۱۵/۱۲/۶۴ فضل عمر ہسپتال کے نادار مریضوں کے لئے صدقات کی رقوم بھجوائی ہیں جزاھم اللہ احسن الجزاء۔ صحابہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام واحباب جماعت سے درخواست ہے کہ وہ ان احباب کے لئے خاص طور پر دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے صدقات قبول فرماتے ہوئے ان کی مشکلات اور بیماریوں کو دور فرمائے۔

خاکسار درخواست کرتا ہے کہ احباب آئندہ بھی صدقات دیتے ہوئے اپنے نادار اور بیمار بھائیوں کا خیال رکھیں گے اور صدقات کی رقوم ان کے علاج کے لئے ہسپتال بھجواتے رہیں گے۔

خاکسار: (ڈاکٹر مرزا) منور احمد

(۱) ملک الطاف حسین صاحب سیکرٹری مال جماعت بیراں غائب ۷-۵
(۲) ملک محمود احمد صاحب اسسٹنٹ انجینئر سلطان پورہ لاہور ۲۰-۰۰
(۳) چوہدری غلام رسول صاحب چیمہ چک ۱۴۱ مراد بہاولپور ۶-۰۰
(۴) سیدہ بیگم صاحبہ بہاولنگر ۵-۰۰
(۵) حمیدہ بیگم صاحبہ سیکرٹری مال لجنہ اماء اللہ گولیکی ۵-۰۰
(۶) ایس ایم عبداللہ صاحب وزیر آباد ۱۰-۰۰
(۷) ڈاکٹر محمد شریف صاحب چنیوٹ ۱۵-۰۰
(۸) محمد حسین صاحب چک ۱۶۵ مراد بہاولنگر ۳۱-۰۰
(۹) رانا عبدالمجید خان صاحب کنجروڑ سیالکوٹ ۵-۰۰
(۱۰) والدہ صاحبہ مفتی راحت حسین بادامی باغ لاہور ۶-۰۰
(۱۱) مستری محمد ابراہیم صاحب دارالیمن ربوہ ۲-۰۰
(۱۲) عزیزہ شوکت سلطان صاحبہ امین آباد گوجرانوالہ ۳-۰۰
(۱۳) غلام رسول صاحب موضع سمندر ضلع جھنگ ۲۰-۰۰
(۱۴) بشیر محمد صاحب دارالنصر غربی ربوہ ۷-۰۰
(۱۵) امۃ الرشید فاطمہ صاحبہ سیکرٹری مال لجنہ اماء اللہ مسجد احمدیہ کوئٹہ ۴۰-۰۰
(۱۶) نذیر احمد صاحب سیکرٹری مال گوکھڑ نہتے خاں ۱۵-۰۰
(۱۷) جماعت احمدیہ گوکھووال چک ۱۲۱ ج ب لائلپور ۱۱-۰۰
(۱۸) " " خشگری ۱-۰۰
(۱۹) بشیر احمد صاحب مبشر میڈیکو ملتان ۵-۰۰
(۲۰) بابو محمد بخش صاحب سیکرٹری مال دارالنصر شرقی ربوہ ۱۸-۲۵
(۲۱) ڈاکٹر ریاض احمد صاحب چوہدری سرجن سیو ہسپتال لاہور معہ بیگم صاحبہ ۳۰-۰۰
(۲۲) حکیم فضل محمد صاحب پی ضلع پشاور ۵-۰۰
(۲۳) رحمت اللہ صاحب کارکن وکالت مال بجانب ملک محمد شفیع صاحب ۲۵-۰۰
